جامعۃ المصطفی گوجرانوالہ درسِ نظامی سالِ اول داخلہ ٹیسٹ ۱۴۴۵ھ / 2024ء برائے میٹرک پاس امیدواران (کل نمبر 80 اور کل وقت 2 گھنٹے)

نام__________________ ولدیت__________________ رول نمبر__________

Name ____________________________ Father's Name ____________________ Roll. No. ____________

سوال نمبر 1: اردو عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالوں کے درست جواب منتخب کریں اور اُن پر ✔ کا نشان لگائیں۔

(نوٹ: سوال کا درست جواب معلوم کرنے کے لئے محض ایک جملہ پڑھ لینا کافی نہیں ہو گا، بلکہ پورا پیراگراف پڑھ کر اُس جملے کا سیاق وسباق بھی معلوم کرنا ہو گا۔ آپ پورے پیرے کو اچھی طرح سمجھ لینے کے بعد ہی سوالوں کے جواب دے سکیں گے۔ یہ 20 نمبر کا سوال ہے۔)

اگر آپ دو، تین، چار یا زیادہ زبانیں بول اور سمجھ سکتے ہیں تو آپ بڑے فائدے میں ہیں۔ آپ کو جتنی زیادہ زبانیں آتی ہیں، آپ اتنے ہی زیادہ ذہین ہیں اور آپ کو ذہنی بیماریاں لاحق ہونے کے اتنے ہی کم امکانات ہیں۔ مثال کے طور پر بڑھاپے میں ہونے والی ایک خطرناک بیماری الزائمر (جس میں مریض کی یادداشت اور سوچنے سمجھنے کی صلاحیت بری طرح متاثر ہو جاتی ہے) کے امکانات خاطر خواہ حد تک کم ہو جاتے ہیں۔ اس لئے کوشش کرنی چاہیے کہ بچپن میں ہی بچوں کو ایک سے زیادہ زبانیں سکھا دی جائیں اور اگر بچپن میں ایسا نہیں ہو سکا تو بعد میں سیکھنے سکھانے کی کوئی صورت نکالی جائے۔ میں اور میری بہن اس حوالے سے بہت خوش قسمت رہے ہیں۔ بچپن میں ہمارے والد ہم سے ہمیشہ اردو میں بات کرتے تھے اور والدہ ہمارے ساتھ ہمیشہ پنجابی بولتی تھیں۔ محلے میں بہت سے گھر پشتو بولنے والے بھی تھے۔ والد صاحب نے اُن سے کہہ رکھا تھا کہ وہ اور ان کے بچے فاطمہ اور زینب کے ساتھ بس پشتو میں ہی بات کریں۔ یوں ہم اُن کے ساتھ کھیلتے کھیلتے اور اُن کے ہاں آتے جاتے پشتو بھی سیکھ گئے اور پھر سکول جانا ہوا تو وہاں انگریزی بھی سیکھ لی۔ آج کل آن لائن ایک استاد صاحب سے عربی سیکھ رہے ہیں تا کہ قرآنِ مجید سمجھ کر پڑھ سکیں۔

بچوں کو ایک سے زیادہ زبانیں سکھانے کے بہت سے طریقے ہو سکتے ہیں۔ پہلا طریقہ (جس کی مثال آپ نے پچھلے پیرے میں پڑھی) ون پیرنٹ ون لینگوئج ہے یعنی باپ کسی اور زبان میں بچوں سے بات کرے اور ماں کسی اور زبان میں۔ دوسرا طریقہ وقت اور جگہ کا لائحہ عمل ہے۔ یعنی وقت طے کر لیا جائے کہ کس دن اور کس وقت ہم ایک زبان میں بات کریں گے اور کس دن اور کس وقت ہم دوسری زبان میں بات کریں گے یا کسی ایک جگہ ہم ایک زبان میں بات کریں گے اور کسی اور جگہ ہم دوسری زبان میں بات کریں گے۔ مثال کے طور پر ہو سکتا ہے کہ پورا خاندان ویک اینڈ پر ایک زبان بولے اور باقی کا پورا ہفتہ کوئی دوسرے زبان بولے۔ تیسرا طریقہ متنوع ماحول کا ہے یعنی بچوں کو دو یا تین مختلف قسم کے ماحول فراہم کرنا۔ جیسے گھر میں ایک زبان کا ماحول، سکول میں دوسری زبان کا ماحول اور کسی اور جگہ تیسری زبان کا ماحول۔ پہلے پیرے میں بچوں کو زبان سکھانے کے لئے یہ والی حکمتِ عملی بھی اپنائی گئی۔ خیر بچوں کو کثیر زبانیں سکھانے کی کوئی ایک حکمتِ عملی نہیں، بہت سی ہیں۔ سب سے مؤثر حکمت عملی وہ ہے جو مستقل مزاجی کے ساتھ، طویل مدت کے لیے اپنائی جائے اور آخر کار وہ حکمتِ عملی کامیاب ہو گی جو خصوصی طور پر آپ کے لئے موزوں ہو اور آپ کے تجربے کو خوش گوار بنائے نا کہ مشکل۔

زبان ہر عمر میں سیکھی جا سکتی ہے۔ اگر بچپن میں ایک سے زیادہ زبانیں نہیں سیکھیں تو بعد میں بھی سیکھی جا سکتی ہیں۔ اس کے لئے بس ارادہ چاہیے اور مستقل مزاجی۔ یہ تصور غلط ہے کہ بچوں میں زبان سیکھنے کی صلاحیت بڑوں کی بہ نسبت زیادہ ہوتی ہے۔ بڑوں میں بچوں سے کہیں زیادہ صلاحیت ہوتی ہے لیکن وہ اپنی مصروفیات کی وجہ سے زبان سیکھنے کے عمل کو بھرپور وقت اور توجہ نہیں دے پاتے۔ مستقل مزاجی سے کچھ عرصہ توجہ اور وقت دے دیا جائے تو جو کام بچے دو سے تین سالوں میں کرتے ہیں، بڑے چھ سے آٹھ مہینے میں کر ڈالیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ لب ولہجہ اپنانے میں بچپن کا زمانہ زیادہ موزوں ہے۔ بچوں کے لئے تلفظ اور لب ولہجہ اختیار کرنا بے حد آسان ہوتا ہے جبکہ بڑوں کے لئے بے حد مشکل۔ اس لئے لب ولہجے کے معاملے میں جتنی جلدی شروع کریں، اتنا بہتر ہے۔ مثال کے طور پر انگریزی میں آر اور ایل آوازیں الگ الگ ہیں اور کسی لفظ کے معنی کو تبدیل کر سکتی ہیں، مثال کے طور پر ریڈ read اور لیڈ lead جبکہ جاپانی میں آر ہی ہوتا ہے، ایل نہیں تو انگریزی سیکھنے

والے بڑی عمر کے جاپانی لوگوں کو ایل والے انگریزی الفاظ بولنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ کچھ ایسی ہی صورت عربی سیکھنے والے پاکستانیوں کو پیش آتی ہے کہ وہ عربی کے ع، ث، ذ اور ط کو درست تلفظ اور لب و لہجے کے ساتھ بول نہیں پاتے کیونکہ یہ آوازیں اردو میں نہیں پائی جاتیں (اگرچہ یہ حروف تو اردو رسم الخط میں بھی موجود ہیں)۔ جس عمر میں کوئی شخص دوسری زبان سیکھتا ہے وہ اس زبان کی آوازیں پیدا کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہے۔

بچوں کو ایک سے زیادہ زبانیں سکھانے میں بہت سی غلط فہمیاں اور معاشرتی پیچیدگیاں حائل ہیں۔ اقلیتی زبان بولنے والے اپنے بچوں کے ساتھ اپنی اقلیتی زبان میں بات نہیں کرتے کیونکہ وہ ایسا کرنے میں عار محسوس کرتے ہیں۔ وہ نہیں چاہتے کہ اُن کے بچے دوسروں کے سامنے اقلیتی زبان میں بات کریں۔ پاکستان میں 74 سے زیادہ زبانیں بولی جاتی ہیں۔ مگر قومی زبان اُردو اور صوبائی زبانوں پشتو، سندھی، پنجابی اور بلوچی کے علاوہ دیگر زبانوں کا علم کم ہی لوگوں کو ہوگا۔ پاکستان کی مقامی زبانوں میں اکثریت اب معدومی کے خطرے سے دوچار ہیں اور کئی ایک تو پہلے سے ہی مٹ چکی ہیں۔ والدین یہ بھی سمجھتے ہیں کہ اقلیتی زبان بولنے سے بچے کی اکثریتی زبان خراب ہوگی یا دو، تین زبانیں سیکھنے سے بچہ ذہنی الجھن کا شکار ہوگا اور یوں کوئی بھی زبان ٹھیک طرح سے نہیں سیکھ پائے گا۔ والدین کو یہ دونوں غلط فہمیاں دور کرنے کی ضرورت ہے۔ بچے اپنے ذہن میں سب زبانوں کو الگ الگ رکھ سکتے ہیں۔ ایک زبان دوسری زبان کو متاثر نہیں کرتی اور اپنی اقلیتی زبان بولنے سے بچوں کی قدر کم نہیں ہوتی بلکہ ان کے اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے۔ نفسیاتی لسانیات کے ماہرین کا کہنا ہے کہ متعدد زبانیں سیکھنے سے دماغ کے اگلے حصے پری فرنٹل کورٹیکس کے مادے میں اضافہ ہوتا ہے اور یہ دماغ کا وہ حصہ ہے جو فیصلہ سازی اور مسائل کو حل کرنے جیسی صلاحیتوں میں انتہائی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ دماغ کی وہ جگہ ہے جہاں معلومات کی پروسیسنگ ہوتی ہے۔ تحقیق سے پتا چلا ہے کہ ایک سے زیادہ زبانیں بولنا دماغ کی لچک کو بھی بڑھاتا ہے اور ذہنی بیماریوں کے امکانات کو بھی کم کرتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جس طرح ورزش ہمارے پٹھوں کو مضبوط بناتی ہے اسی طرح زیادہ زبانیں جاننا ہمارے دماغ کی فعالیت کو برقرار رکھنے کے لیے اسے مضبوط بناتا ہے۔

| نمبر | عبارت میں دی گئی معلومات کی روشنی میں مندرجہ ذیل جملوں کا جواب دیں۔ | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | زیادہ زبانیں جاننے والے لوگ زیادہ ذہین ہوتے ہیں لیکن اُن میں الزائمر جیسی ذہنی بیماریوں کے امکانات بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ | درست | غلط | معلوم نہیں | واضح نہیں |
| 2 | پہلے پیرے میں مذکور والدین نے اپنے بچوں کو کتنی زبانیں سکھانے کی کوشش کی؟ | دو | تین | چار | پانچ |
| 3 | عبارت پڑھ کر کیا یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ یہ کسی خاتون کی تحریر ہے یا کسی صاحب کی؟ | خاتون | صاحب | معلوم نہیں | واضح نہیں |
| 4 | مصنف / مصنفہ نے اردو زبان کہاں سے سیکھی؟ | والد سے | والدہ سے | سکول سے | نہیں سیکھی |
| 5 | مصنف / مصنفہ نے فارسی زبان کہاں سے سیکھی؟ | والد سے | والدہ سے | سکول سے | نہیں سیکھی |
| 6 | بچوں کو متعدد زبانیں سکھانے کے کتنے طریقے ہیں؟ | تین | پانچ | بہت سے | واضح نہیں |
| 7 | پہلے پیرے میں بچوں کو متعدد زبانیں سکھانے کے لئے کون سی حکمتِ عملی اپنائی گئی؟ | ون پیرنٹ ون لینگوئج | متنوع ماحول | دونوں | دونوں نہیں |
| 8 | بچوں کو متعدد زبانیں سکھانے کی سب سے مؤثر حکمتِ عملی کون سی ہے؟ | ون پیرنٹ ون لینگوئج | متنوع ماحول | وقت اور جگہ کا لائحہ عمل | تینوں |
| 9 | اگر آپ کے گھر والے روزانہ دوپہر کے کھانے کے دوران ایک گھنٹہ عربی زبان بولیں اور دیگر اوقات میں اردو، تو اس حکمتِ عملی کو کیا کہیں گے؟ | ونٹ پیرنٹ ون لینگوئج | وقت اور جگہ کا لائحہ عمل | متنوع ماحول | معلوم نہیں |
| 10 | بچوں کو زبان سکھانے کی ہر حکمتِ عملی ہر خاندان کے لئے موزوں نہیں ہوتی۔ | درست | غلط | معلوم نہیں | واضح نہیں |
| 11 | عمر جیسے جیسے بڑھتی چلی جاتی ہے، کوئی نئی زبان سیکھنے کی صلاحیت اتنی ہی کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ | درست | غلط | معلوم نہیں | واضح نہیں |
| 12 | بچوں کے برعکس، بڑی عمر کے افراد کو نئی زبان کا لب و لہجہ اختیار کرنے میں دشواری پیش آتی ہے۔ | درست | غلط | معلوم نہیں | واضح نہیں |
| 13 | اکثر جاپانی لوگ انگریزی لفظ لائن کو رائن پڑھتے ہیں۔ | درست | غلط | معلوم نہیں | واضح نہیں |
| 14 | بڑی عمر میں نئی زبان سیکھنے کے لئے کن دو چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ | ذخیرہ الفاظ اور قواعد | نیت اور استقامت | چھ سے آٹھ مہینے | تلفظ اور لب و لہجہ |

2 © Jamia-tul-Mustafa Gujranwala. جامعۃ المصطفیٰ گوجرانوالہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 15 | اردو میں عربی حروف ع اور ث تو پائے جاتے ہیں لیکن ان کی آوازیں نہیں پائی جاتیں۔ | درست | غلط | معلوم نہیں | واضح نہیں |
| 16 | پاکستانی والدین بچوں کو متعدد زبانیں سیکھانے کے حوالے سے جن غلط فہمیوں کا شکار ہیں، اُن میں سے کتنی غلط فہمیوں کا ذکر مصنف / مصنفہ نہیں کیا ہے؟ | تین غلط فہمیوں کا | دو غلط فہمیوں کا | بہت سی غلط فہمیوں کا | چار غلط فہمیوں کا |
| 17 | پاکستان کی کتنی مقامی زبانیں اب تک معدوم ہو چکی ہیں؟ | 74 مقامی زبانیں | 54 مقامی زبانیں | 64 مقامی زبانیں | معلوم نہیں |
| 18 | مختلف زبانیں ہمارے دماغ میں محفوظ ہوتی ہیں: | ایک خانے میں | دو خانوں میں | مختلف خانوں میں | معلوم نہیں |
| 19 | پری فرنٹل کورٹیکس کا ہماری کون سی ذہنی صلاحیت سے تعلق ہے؟ | مسائل حل کرنا | فیصلہ سازی کرنا | سوچنا سمجھنا | تینوں |
| 20 | مصنف / مصنفہ کے مطابق، بلوچی زبان پاکستان کے کون سے صوبے میں بولی جاتی ہے؟ | سندھ میں | بلوچستان میں | پنجاب میں | معلوم نہیں |

سوال نمبر2۔ کیا ہمیں دوسروں کو متاثر کرنے کی کوشش کرنی چاہیے؟ اگر ہاں تو کیوں؟ اگر نہیں تو کیوں نہیں؟ اپنا موقف دلائل سے واضح سے کریں۔

(نوٹ: لکھنے کے لئے نیچے جگہ دی گئی ہے۔ آپ کا جواب دی گئی جگہ میں مکمل ہونا چاہیے۔ نہ اُس سے کم لکھیں، نہ اُس سے زیادہ۔ یہ سوال 10 نمبر کا ہے۔)

سوال نمبر3: مندرجہ ذیل انگریزی عبارت کو پڑھ کر، اُس میں دی گئی معلومات کی روشنی میں نیچے دیئے گئے ادھورے جملوں کو مکمل کریں۔

(نوٹ: جملہ مکمل کرنے کے لئے، انگریزی کا محض ایک لفظ درکار ہو گا۔ یہ سوال 10 نمبر کا ہے۔)

Ice cream comes in hundreds of flavours. Different people like different flavours but vanilla is the most popular flavour in the world. Many people also like the chocolate flavour but it ranks second in popularity. Ice cream is eaten in every country of the world but it is especially popular in the United States. Americans eat more ice cream than people in any other country in the world.

Making ice cream is simple. It is made from milk, cream, sugar and flavourings. We mix all these ingredients together and put them in the freezer. After some time, the ice cream is ready. As the mixture begins to freeze, we can also add extra ingredients like fruit, nuts and chocolate chips. Some people make ice cream at home in an ice-cream mixer. It is a special kind of home freezer. But the ice cream that we buy from the market is produced in the ice-cream factories.

Ice cream comes in many forms and shapes. There are cups, cones and bars. Have you ever eaten an ice cream sandwich? How about ice cream milkshake? A little ice cream is good for us but too much of it is not good. It is high in sugar and cream. When we eat a lot of sugar and cream, we gain unhealthy weight and they can also damage our heart, liver and kidneys.

1. Chocolate is the most popular ice cream flavour in the world _______________ vanilla.
2. Vanilla is the _______________ popular ice cream flavour.
3. The most ice cream _______________ nation in the world is the United States.
4. We need _______________basic ingredients to make ice cream.
5. Fruits, nuts and chocolate chips are _______________ ingredients of ice cream.
6. An ice-cream mixer is a special kind of _______________ that we can use to make ice cream at home.
7. Ice cream is available in many forms and shapes _______________ cups, cones and bars are more common.
8. A little ice cream is _______________ for health.
9. Eating a lot ice cream is not good for health _______________ it contains a lot of sugar and cream.
10. When we eat a lot of ice cream and we eat it too often, sugar and cream in it _______________damage our heart, liver and kidneys.

سوال نمبر4: موٹر سائیکل (motorcycle) کے بارے میں کم از کم دس اور زیادہ سے زیادہ پندرہ جملوں کا ایک مختصر سا مضمون انگریزی میں لکھیں۔

(نوٹ: آپ موٹر سائیکل پر کوئی بھی بات، کسی بھی حوالے سے کر سکتے ہیں۔ لکھنے کے لئے نیچے جگہ دی گئی ہے۔ اس سوال کے 20 نمبر ہیں۔)

 © Jamia-tul-Mustafa Gujranwala.

سوال نمبر5: اپنی میٹرک کی درسی کتب کو ذہن میں لائیے اور بتایئے کہ ہر سوال کے بعد دی گئی چار آپشنز میں سے کون سی درست ہے؟ (اس سوال کے 20 نمبر ہیں۔)

1۔ الیکٹرک کرنٹ (electric current) کا یونٹ (unit) ہے؟

الف: وولٹ (volt)  ب: ایمپیئر (ampere)  ج: واٹ (watt)  د: جول (joule)

2۔ فوٹو سنتھسز (photosynthesis) کا عمل __________ میں پایا جاتا ہے؟

الف: پرندوں میں  ب: مچھلیوں میں  ج: پودوں میں  د: دودھ دینے والے جانوروں میں

3۔ انسانی دل میں کتنے خانے (chambers) پائے جاتے ہیں؟

الف: چار  ب: تین  ج: دو  د: چھ

4۔ انفال کے لفظی معنی ہیں؟

الف: زکوۃ اور صدقات  ب: نفلی عبادات  ج: مالِ غنیمت  د: اللہ کی راہ میں خرچ کرنا

5۔ غزوۂ خندق میں کون سے صحابی رضی اللہ عنہ کے مشورے پر خندق کھودی گئی؟

الف: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ  ب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ  ج: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ  د: حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ

6۔ پاکستان کا موجودہ آئین کس سن میں نافذ ہوا؟

الف: 1973  ب: 1972  ج: 1971  د: 1974

7۔ پاکستان نے چاغی کے مقام پر ایٹمی دھماکوں کا تجربہ کس سن میں کیا؟

الف: 1998  ب: 1997  ج: 1999  د: 1996

8۔ سندھ طاس معاہدے کے مطابق کون سے دریا پاکستان کے حصے میں آئے؟

الف: سندھ، جہلم اور چناب  ب: سندھ، ستلج اور چناب  ج: سندھ، جہلم اور بیاس  د: سندھ، چناب اور راوی

9۔ پاکستان کا قومی ترانہ کون سے شاعر نے تخلیق کیا؟

الف: حفیظ جالندھری  ب: علامہ اقبال  ج: مولانا ظفر علی خان  د: میر انیس

10۔ چغل خور کہانی کے مصنف کا نام بتائیں۔

الف: شفیع عقیل　　ب: ابنِ انشاء　　ج: کرنل محمد خان　　د: حاجرہ مسرور

11۔ "ہستی ایک حباب کی سی ہے، یہ نمائش سراب کی سی ہے" کس شاعر کا کلام ہے؟

الف: میر تقی میر　　ب: بہادر شاہ ظفر　　ج: مرزا غالب　　د: مرزا آشفتہ

12۔ کون سے جملے میں اسمِ صفت استعمال ہوا ہے؟

الف: باہر بہت اُجالا ہے۔ ب: اُس نے اُجلے کپڑے پہنے ہیں۔ ج: تاریکی اور اُجالا ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ د: یہ تاریکی سے اُجالے کا سفر ہے۔

13. ‘First aid knowledge ranges from taking care of cuts to dealing with an unconscious victim.’ The underlined word means:

A: helper　　B: suppressor　　C: sufferer　　D: doctor

14. The ________________ is written by W. E. Hickson.

A: Daffodils　　B: The Rain　　C: Try Again　　D: Stopping by Woods

15. I cannot come now. It _______________ here.

A: rains　　B: is raining　　C: will rain　　D: rain

16. Which of the following sentences has a transitive verb in it?

A: I hear a noise.　B: I will try hard to win.　C: The sun shines bright.　D: Ali drives the car carefully.

17۔ $(a + b)^2 + (a - b)^2$ کس کے برابر ہوتا ہے؟

A: $2(a^2 + b^2)$　　B: 4ab　　C: 2ab　　D: $4a^2b^2$

18۔ $x^2+12x+32$ کس کے برابر ہوگا؟

A: (x+8)(x+2)　　B: (x+4)(x+8)　　C: (x+4)(x+4)　　D: (2x+3)(x+4)

19۔ کون سی مساوات (equation) درست ہے؟

A: $a^3 + b^3 = a^3 + b^3 - 3a^2b - 3ab^2$

B: $a^3 + b^3 = a^3 + b^3 + 3a^2b + 3ab^2$

C: $a^3 + b^3 = (a + b)(a^2 - ab + b^2)$

D: $a^3 + b^3 = (a + b)(a^2 + ab + b^2)$

20۔ مثلث (triangle) کے __________ کونے (vertices) ہوتے ہیں۔

A: 1　　B: 4　　C: 3　　D: 2

 © Jamia-tul-Mustafa Gujranwala.

 © Jamia-tul-Mustafa Gujranwala.

جامعۃالمصطفیٰ گوجرانوالہ